# 106500 - ہفتہ کے دن روزہ نہ رکھنے کی حکمت

## سوال

میں نے آپ کی ویب سائٹ پر پڑھا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہفتہ کے دن کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے، برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اس کا سبب کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

صرف ہفتہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے، بعض نےاس کی علت یہ بیان کی ہے کہ یہ دن یہودیوں کی عید کا دن ہے، لیکن اولی یہی ہے اور ظاہر بھی یہی ہوتا ہے کہ اس دن یہودی کام نہیں کرتے تھے اور چھٹی کرتے.

لہذا جب مسلمان اس دن کا روزہ رکھےگا تو وہ کام کاج سے بیٹھ جائیگا، روزے کی وجہ سے وہ کام چھوڑ بیٹھےگا جو کیا کرتا تھا، کیونکہ روزے کی بنا پر بھوك اور پیاس لگتی ہے تو اس طرح اس دن کام کاج نہ کرنے میں یہودیوں کے مشابہ ہو جائیگا " انتہی .